Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No. ____________

Sig. of Candidate: ______________

Sig. of Invigilator: ______________

StudentBounty.com

# اُردو اختیاری - ایچ ایس ایس سی-I

REVISED SYLLABUS

حصہ اوّل (کل نمبر:20)

وقت: 25 منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے اور صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر1: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) یمن کے بادشاہ کو لوگ کیا کہتے تھے؟

الف۔ خُدا دوست   ب۔ دشمن   ج۔ خداترس   د۔ رحمدل

(ii) 'فسانۂ سلطانِ یمن' کس کتاب سے اقتباس ہے؟

الف۔ فسانۂ عجائب   ب۔ فسانۂ مبتلاء   ج۔ آرائش محفل   د۔ رانی کیتکی کی کہانی

(iii) "قصہ خواجہ سگ پرست کا" کس داستان سے لیا گیا ہے؟

الف۔ باغ و بہار   ب۔ فسانۂ عجائب   ج۔ فسانۂ فرنگ   د۔ نیرنگِ خیال

(iv) میر امن کی وجہ شہرت کیا ہے؟

الف۔ شاعری   ب۔ مضمون نگاری   ج۔ داستان   د۔ ڈرامانگاری

(v) "مقدمۂ شعروشاعری" کس کی تحریر ہے؟

الف۔ خواجہ الطاف حسین حالی   ب۔ شبلی نعمانی   ج۔ سرسید احمد خاں   د۔ نذیراحمد

(vi) "کتبہ" کس کی تحریر ہے؟

الف۔ پریم چند   ب۔ سجاد حیدر یلدرم   ج۔ غلام عباس   د۔ حیدر بخش حیدری

(vii) اُردو شاعری کو کہاں زیادہ ترقی نصیب ہوئی؟

الف۔ دہلی   ب۔ لکھنؤ   ج۔ دکن   د۔ حیدرآباد

(viii) غالبؔ کا تعلق کس دبستان سے تھا؟

الف۔ دبستانِ دہلی   ب۔ بستانِ لکھنؤ   ج۔ دبستانِ سرسید   د۔ تحریکِ جدید

(ix) "پہنچتا ہے ہر اک میکش کے آگے دورِ جام اُس کا" کس شاعر کی حمد کا مصرع ہے؟

الف۔ اقبالؔ   ب۔ حالی   ج۔ بہزاد لکھنوی   د۔ ظفر علی خاں

(x) امیرؔ مینائی کس صدی کے شاعر ہیں؟

الف۔ سترہویں   ب۔ سولہویں   ج۔ اٹھارویں   د۔ انیسویں

(xi) جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرے اس شعر کو کیا کہتے ہیں؟

الف۔ مطلع   ب۔ مقطع   ج۔ قافیہ   د۔ ردیف

StudentBounty.com



(xii) مرثیہ کس زبان کا لفظ ہے؟

الف۔ عربی ب۔ فارسی ج۔ پنجابی د۔ سرائیکی

(xiii) میر ببر علی انیس کی وجہ شہرت کیا ہے؟

الف۔ نعت گوئی ب۔ مثنوی ج۔ حمدیہ شاعری د۔ مرثیہ نگاری

(xiv) بیسویں صدی کے آغاز میں احمد شجاع پاشا کا کون سا ڈراما مشہور ہوا؟

الف۔ انارکلی ب۔ باپ کا گناہ ج۔ فاصلے د۔ آرام و سکون

(xv) مرزا رسوا نے اُردو کے علاوہ کس زبان میں لکھا؟

الف۔ انگریزی ب۔ پنجابی ج۔ سندھی د۔ بلوچی

(xvi) ایہام گوئی میں شعر کی بنیاد ایسے لفظ پر رکھی جاتی ہے جس کے --------

الف۔ دو معنی ہوں ب۔ مشکل معنی ہوں ج۔ کئی معانی ہوں د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(xvii) نظم یا نثر میں کسی مشہور واقعے، قصے، روایت، حدیث یا کلام پاک کی کسی آیت کی طرف اشارہ ---------- کہلاتا ہے۔

الف۔ تشبیہ ب۔ استعارہ ج۔ تلمیح د۔ مترادف

(xviii) جو شعر یا مصرع کسی نظم میں من و عن دہرایا جائے، کیا کہلاتا ہے؟

الف۔ ٹیپ کا شعر یا مصرع ب۔ مصرع طرح ج۔ گرہ کا مصرع د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(xix) نظم "زندگی سے ڈرتے ہو" کس صنف سے تعلق رکھتی ہے؟

الف۔ پابند نظم ب۔ نثری نظم ج۔ آزاد نظم د۔ مقفیٰ نظم

(xx) شوکت صدیقی کو تمغہء حسن کارکردگی کس سن میں ملا؟

الف۔ 1997ء ب۔ 1996ء ج۔ 1995ء د۔ 1998ء

---

برائے ممتحن : کُل نمبر: 20 حاصل کردہ نمبر: [ ]

# اُردو اختیاری ۔ ایچ ایس ایس سی-I

## REVISED SYLLABUS

وقت: 2:35 گھنٹے — کل نمبر حصہ دوم اور سوم 80

نوٹ: حصہ ''دوم'' اور ''سوم'' کے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

### حصہ دوم (کل نمبر 50)

سوال نمبر ۲: "خُدا کی بستی" کے موضوع کا جائزہ لیجیے۔ (12)

(یا)

اُمراؤ جان ادا میں مرزا ہادی رسوا کی کردار نگاری پر اپنی رائے کا اظہار کیجیے۔

سوال نمبر ۳: درج ذیل میں سے کوئی سے تین سوالات کے جوابات لکھیے۔ ہر سوال کا جواب پانچ سطروں تک محدود ہو: (3x5=15)

(i) املا کس طریقۂ تعلیم کو کہا جاتا ہے؟

(ii) "میبل اور میں" کے حوالے سے بتایئے کہ اپنے گناہ کے اعتراف اور اپنے آپ کو سزا دینے کے لیے مصنف نے کیا کیا؟

(iii) نظیر اکبر آبادی کو عوامی شاعر کیوں کہا جاتا ہے؟

(iv) نظم 'عقل و دل' کا مرکزی خیال لکھیے۔

سوال نمبر ۴: سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+5=7)

الف۔ کل وہ سلطنت، ثروت، کروفر، افسر و تاج، آج یہ مصیبت، اذیّت، در بہ در، پیادہ پا سفر، محتاج۔ کبھی دو کوس، گاہ چار کوس، بے نقارہ و کُوس، بہ ہزار رنج و تعب چلتا۔ جو کچھ میسر آیا، تو روزی ہوئی، نہیں تو روزہ۔ یوں ہی ہر روز راہ طے کرتا۔ جب یہ نوبت پہنچی، چند روز میں ایک شہر ملا، مسافر خانے میں بادشاہ اُترا۔ اتفاقاً ایک سوداگر بھی کسی سمت سے وارد ہوا۔

ب۔ (آہستہ سے) لیکن ابھی کون جانتا ہے۔ کون کہہ سکتا ہے۔ (کسی قدر بے تاب ہو کر) مغلوں میں کوئی خواب دیکھنے والا نہ تھا۔ انہیں اکبر مل گیا۔ اگر اکبر کے جانشینوں میں تیمور کی طوفانی روح، بابر کی حیرت انگیز معلومات اور ہمایوں کا آہنی استقلال ہوا (آہستہ سے) لیکن ابھی کون جانتا ہے شیخو۔۔۔۔۔۔۔ کڑک کر، ہا! زمین سر بہ سر پیچ کر رہ جائے اور قرن اور صدیاں اس کے سینے سے مغل علَم کو نہ اکھاڑ سکیں۔

سوال نمبر ۵: کسی ایک جزو کا بحوالۂ شاعر اس طرح تشریح کیجیے کہ اشعار کی فنی خوبیاں نمایاں ہو جائیں۔ نیز نظم کا عنوان لکھیے: (1+1+5=7)

الف۔

ہے شہروں میں غل شور بہت اور کام کرودھ کا زور بہت
بستے ہیں نگر میں چور بہت، سادھوؤں کی ہے بن میں جا بابا!
ہے شہر میں شورشِ نفسانی، جنگل میں ہے جلوہ روحانی
ہے نگری ڈگری کثرت کی، بن وحدت کا دریا بابا!
دھن دولت آنی جانی ہے، یہ دنیا رام کہانی ہے
یہ عالَم عالمِ فانی ہے، باقی ہے ذات خُدا بابا!

ب۔

میں اُس کو کعبہ و بت خانہ میں کیوں ڈھونڈنے جاؤں
مرے ٹوٹے ہوئے دل ہی کے اندر ہے مقام اُس کا
سراپا معصیت میں ہوں، سراپا مغفرت وہ ہے
خطاکوشی روش میری، خطاپوشی ہے کام اُس کا
مری افتادگی بھی میرے حق میں اس کی رحمت تھی
کہ گرتے گرتے بھی میں نے لیا دامن ہے تھام اُس کا

سوال نمبر ۶: علامہ اقبالؒ کی شاعری پر ایک تنقیدی نوٹ لکھیں۔ (9)

(یا)

مجید امجد نے نظم "طلوعِ فرض" کا یہ عنوان کیوں رکھا؟

### حصہ سوم (کُل نمبر 30)

سوال نمبر ۷: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون لکھیں: (10)

(الف) امتِ مسلمہ کا اتحاد

(ب) دبستانِ لکھنؤ

(ج) اُردو شاعری کا ارتقاء

(د) دہشت گردی کے عوامل اور اس کا سدِّ باب

سوال نمبر ۸: درج ذیل اصنافِ نثر میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیں۔ (10)

(الف) ناول (ب) خاکہ

سوال نمبر ۹: درج ذیل اصنافِ نظم میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیں۔ (10)

(الف) مرثیہ (ب) رباعی



StudentBounty.com